SET-B

Roll No.

S. No. of Question Paper :
Unique Paper Code : 72142802
Name of the Paper : Urdu-B AECC/MIL
Name of the Course : Urdu
Semester : I
Duration : 3 Hours
Maximum Marks : 75

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

نوٹ: کل چار سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

ا۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ 15

(الف)

''ششدر و متحیر گورے نے ادھر ادھر سمٹ کر استاد منگو کے وزنی گھونسوں سے بچنے کی کوشش کی اور جب دیکھا کہ اس کے مخالف پر دیوانگی کی سی حالت طاری ہے اور اس کی آنکھوں سے شرارے برس رہے ہیں تو اس نے زور زور سے چلانا شروع کیا۔ اس کی چیخ و پکار نے استاد منگو کی بانھوں کا کام اور بھی تیز کر دیا۔ وہ گورے کو جی بھر کے پیٹ رہا تا اور ساتھ ساتھ یہ کہتا جاتا تھا۔ پہلی اپریل کو بھی وہی اکڑفوں ،پہلی اپریل کو بھی وہی اکڑفوں۔ اب ہمارا راج ہے بچہ؟'' لوگ جمع ہو گئے اور پولیس کے دو سپاہیوں نے بڑی مشکل سے گورے کو استاد منگو کی گرفت سے چھڑایا۔ استاد منگوان دو سپاہیوں کے درمیان کھڑا تھا۔ اس کی چوڑی چھاتی پھوٹی ہوئی سانس کی وجہ سے اوپر نیچے ہو رہی تھی۔ منہ سے جھاگ بہہ رہا تھا اور اپنی مسکراتی ہوئی آنکھوں سے حیرت زدہ مجمع کی طرف دیکھ کر وہ ہانپتی ہوئی آواز میں کہہ رہا تھا۔ وہ دن گزر گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔ اب نیا قانون ہے یہاں نیا قانو۔ اور بیچارہ گورا اپنے بگڑے ہوئے چہرے کے ساتھ بے وقوفوں کے مانند کبھی استاد منگو کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی ہجوم کی طرف''

(ب)

عقل سے کام بھی لے عشق پہ ایمان بھی لا
دل ہی نذر نگہ ناز نہ کر جان بھی لا

تیری آمد کے تصدق ترے جلووں کے نثار
آمری قبر پہ آحشر کا سامان بھی لا
تو نے دل دے کے بس اک شان ہوس پیدا کی
ان کا بندہ ہے تو نادان وہی شان بھی لا
جب سے اک تار بھی دامن میں سلامت نہ رہا
جوشِ وحشت کا تقاضہ ہے گریبان بھی لا
دادِ نظّارہ تو دی اب جو حقیقت ہے وہ سن
بزمِ عالم میں فقط آنکھ نہ لا کان بھی لا

۲۔ اقبال کی نظم چاند اور ستارے کا تجزیہ لکھیے۔ 20

۔ سعادت حسین منٹو کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔ 20

۴۔ سویرے جو کل آنکھ میری کھلی انشائیہ نگاری ایک اچھی مثال ہے وضاحت کیجیے۔ 20

۵۔ مجروح سلطانپوری کی غزل گوئی پر ایک مختصر مضمون لکھیے۔ 20

۶۔ غزل کی تعریف لکھیے اور اس کے لازمی عناصر بتائیے۔ 20